کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار

Email: dailymeherdarqt@gmail.com
ABC CERTIFIED
DAILY MEHERDAR QUETTA
روزنامہ مہردار کوئٹہ
ایڈیٹر: سید ہاشم آغا
Ph:081 2868355

جلد:13 | بدھ 30 ستمبر 2026ء، 17 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 138

تمام صوبوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر ریلوے

جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے، محمد حنیف عباسی

پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا وژن ہے کہ مین لائن ون (ایم ایل ون) منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جائے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی۔ جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر 32 کلومیٹر طویل ریلوے جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی میر ظہور بلیدی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، اراکین اسمبلی ڈاکٹر مالک بلوچ، [illegible]، سید ظفر علی آغا، میر عبید گورگیج، صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ زہری [illegible]

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، جعفر مندوخیل

بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے وہ ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے

بزنس کمیونٹی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (ع ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بزنس کمیونٹی نے ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں جو کردار ادا کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی، شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جہاں سیاسی مذاکرات کی ضرورت ہوگی وہاں مذاکرات کیے جائیں گے جبکہ جہاں فورسز کی ذمہ داری ہوگی وہاں وہ اپنا کردار ادا کریں گی۔ شاہراہوں کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین منصوبے کا افتتاح کررہے ہیں

کوئٹہ کے عوام کو بہتر سفری سہولت کی فراہمی، جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح

کوئٹہ سے سریاب تا کچلاک چلنے والی ٹرین میں 250 مسافروں کی گنجائش ہے، سروس کو مستونگ اور بوستان تک پھیلانے کا منصوبہ ہے

جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر ریلوے نے جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا

کوئٹہ (یو این اے) جناح پیپلز ٹرین کی افتتاحی تقریب کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر منعقد ہوئی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 250 سے زائد مسافر سفر کرسکیں گے اور ٹرین سریاب سے کچلاک تک چلائی جائے گی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان سے ٹرین ہائی جیک کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم حکومت نے ٹرین سروس کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے منصوبے پر پارلیمانی سیکرٹری ریلوے میر لیاقت لہڑی اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔ پشاور سے ٹرین منگوانا مہنگا اور طویل عرصے میں مکمل ہونے والا منصوبہ تھا، اس لیے دستیاب وسائل میں عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے یہ اقدام کیا گیا ہے۔ جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آئندہ سال تک جناح پیپلز ٹرین کی

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا جناح پیپلز ٹرین میں سفر

جناح پیپلز ٹرین سے بلوچستان کے عوام کو سفری سہولیات میں بہتری آئے گی، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے عوام کو مستقبل میں ریلوے کی بہتر سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے دیگر حکام کے ہمراہ کوئٹہ ریلوے اسٹیشن سے جناح پیپلز ٹرین میں سفر کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس ریلوے بلوچستان جہانزیب

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

صدر زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی اہم ملاقات، ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

تاجر و صنعتکار ملکی معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، گورنر بلوچستان

ہر ذمہ دار فورم پر بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں کی مؤثر نمائندگی کی ہے

قانونی و ٹیکس شدہ تجارتی مال کی نقل و حمل میں غیر ضروری رکاوٹیں ختم کی جائیں، تاجروں کا مطالبہ

کوئٹہ (ع ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا کلیدی کردار ہے۔ تاجروں اور صنعتکاروں کی معاشی و تجارتی سرگرمیوں سے نہ صرف کاروباری

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

آج کی تقریب پاکستان کی تقریب ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

ضعیف العمر افراد اور خصوصی افراد کیلئے جناح پیپلز ٹرین میں سفر بالکل مفت ہوگا جبکہ منصوبے کو آئندہ مزید وسعت دی جائے گی

وفاقی وزیر ریلوے سچے سیاسی کارکن ہیں جنہوں نے اپوزیشن اور حکومت دونوں میں رہ کر عوام کی خدمت کی، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو بہتر اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، نئی جناح پیپلز ٹرین سروس اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے، ضعیف العمر افراد اور خصوصی افراد کیلئے اس ٹرین میں سفر بالکل مفت ہوگا جبکہ منصوبے کو آئندہ مزید وسعت دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے تک نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا، عطا اللہ تارڑ

افغانستان کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ہم افغانستان کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں، افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

مستونگ، تحصیل کھڈ کوچہ میں بم دھماکہ، ہوٹل اور ملحقہ دکان تباہ، سولر پلیٹس کو بھی نقصان

ریکی بوز کے علاقے میں ہونے والے دھماکے سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے

مستونگ (یو این اے) تحصیل کھڈ کوچہ کے علاقے ریکی بوز میں گزشتہ شام نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ بم دھماکے کے ذریعے مدینہ ہوٹل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کررہے ہیں

خضدار، اے ایس آئی پولیس امان اللہ گزگی اندھی گولی لگنے سے جاں بحق ہوگئے

نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے کا واقعہ، علاقے میں افسوس کی لہر دوڑ گئی

خضدار (یو این اے) خضدار میں پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) امان اللہ گزگی نامعلوم سمت سے فائر ہونے والی ایک

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

تربت، جوسک کے رہائشی نوجوان نے سر میں گولی مار کر خودکشی کر لی

پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ علاقے میں پیش آیا، لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے جوسک کے رہائشی نوجوان عقیل ولد غفور نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی سول سنڈیمن اسپتال آمد، میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منگل کو سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ کیا اور زیر علاج رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے میر رحمت

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

چمن، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح

چمن (ع ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی،

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

وزیر خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے پر [illegible] مذاکرات

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہوگیا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

ضلع زیارت میں صنوبر کے جنگلات میں تین روز سے لگی آگ نہ بجھ سکی، فوج سے مدد طلب

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع زیارت میں دنیا کے دوسرے بڑے صنوبر (جونیپر) کے جنگل میں تین روز سے آگ لگی ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق 70 ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر ہو چکا ہے۔ علاقے میں [illegible]

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

جناح پیپلز ٹرین ترقی و خوشحالی کی جانب اہم قدم ہے، بخت کاکڑ

جناح پیپلز ٹرین کا آغاز صوبے کے عوام کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم قدم ہے

جناح پیپلز ٹرین سے عوام کو محفوظ، آرام دہ اور نسبتاً سستی سفری سہولت میسر آئے گی، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (ع ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے جناح پیپلز ٹرین کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت آنے کے بعد بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، جناح پیپلز ٹرین کا آغاز صوبے کے عوام کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم قدم ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے چلنے سے

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

وفاقی وزیر ریلویز نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی

میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

حنیف عباسی کا بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز پر مسرت کا اظہار

کوئٹہ (ع ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

چمن، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا عیدگاہ و جنازگاہ کی بحالی اور تزئین و آرائش کے منصوبے کا افتتاح

چمن (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے عیدگاہ و جنازگاہ چمن کی بحالی اور تزئین و آرائش کے ترقیاتی منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ منصوبہ بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو کے تحت 80 لاکھ روپے کی تخمینہ لاگت سے مکمل کیا جائے گا۔ افتتاحی

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کررہے ہیں

کوئٹہ نیو لیبر کالونی میں غیر مجاز قبضوں کے خلاف آپریشن، 84 میں سے 70 سرکاری فلیٹس واگزار

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ محنت و افرادی قوت بلوچستان نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سیکرٹری محنت و افرادی قوت صالح محمد ناصر کی ہدایات کی روشنی میں نیو لیبر کالونی عبدالخالق روڈ

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، بیرسٹر گوہر

میرے علم میں نہیں کوئی بیک چینل کام کر رہا ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے پاس احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی پر امن جماعت ہے، آئینی اور قانونی حق استعمال کر

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے، اعظم نذیر تارڑ

پی ٹی آئی کو مذاکرات کے کئی مواقع دیئے لیکن مناسب جواب نہیں ملا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے، مذاکرات کیلئے پی ٹی آئی کو متعدد بار مواقع فراہم کیے گئے، لیکن ان کی طرف سے کوئی مناسب جواب نہیں ملا، بانی پی ٹی آئی

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر

ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہ کی جائے، کمشنر کوئٹہ

محکمے باہمی رابطے کے ذریعے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے اقدامات کریں

کوئٹہ (ع ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن [illegible] کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج (QDP) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین کی افتتاحی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

وڈھ، قومی شاہراہ پر مسافر کوچ کی رکشہ کو ٹکر، ایک شخص جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی

ریسکیو 1122 کی ٹیم نے لاش اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا، شدید زخمی کو بہتر علاج کے لیے کراچی ریفر

وڈھ (یو این اے) وڈھ کے قریب مسافر کوچ کی رکشہ کو زوردار ٹکر، 1 شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر اور دیگر رہنماؤں کی ملاقات

پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال

چھتر (یو این اے) صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان و پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

صحبت پور، پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے اہلکار زخمی، اسپتال منتقل

آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم اندرانی کے مقام پر حادثہ، ابتدائی طبی امداد کے بعد اہلکار کو فارغ کر دیا گیا

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں شہید شیر حسن پولیس تھانے کی حدود میں آر ڈی 38 تکیہ خان اسلم اندرانی کے مقام پر قائم پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی چمن کے عیدگاہ گراؤنڈ میں جاری ترقیاتی کام کا افتتاح کر رہے ہیں

سبی، مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم، ڈرائیور سمیت 7 مسافر زخمی

سبی (یو این اے) مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ویگن ڈرائیور سمیت سات مسافر زخمی ہوگئے۔ حادثے

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر داس خان کاسی کے گھر آمد، تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر داس خان کاسی کے انتقال پر ان کے گھر گئے اور لواحقین سے تعزیت

بقیہ نمبر 30 اندرونی صفحہ پر

14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی، حالات کے مطابق فیصلہ کر سکتے ہیں، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ 14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی ہے لیکن حالات کے مطابق

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

گورنر راج لگانے کیلئے جتنے عناصر درکار ہوتے ہیں کے پی حکومت مہیا کر چکی، اختیار ولی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت گورنر راج

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

پٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے کم کرنے کا مطالبہ نہیں کیا، لیاقت بلوچ

لاہور (آئی این پی) نائب امیر جماعت اسلامی

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر

Annual General Meeting

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کارروائیاں، 7 دہشتگرد ہلاک

چاغی کے علاقے نوکچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد مارے گئے، بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد

خیبرپختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ

کوئٹہ / خیبر پختونخوا / راولپنڈی (آئی این پی) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشتگرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا [illegible]

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر

سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام میں اتفاق

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام میں اتفاق ہوا ہے کہ سہیل آفریدی کا مزید وزیراعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے۔ ذرائع کے مطابق گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ملاقات میں صوبے میں امن و امان کی

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کا بلوچستان کے صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی کے ہمراہ گروپ فوٹو

نوشکی، مسلح افراد کی فائرنگ سے سکیورٹی کیمرا ناکارہ

اہلکاروں سے اسلحہ چھینے جانے کی اطلاعات، شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا

نوشکی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر سوار ہو کر روڈ بلاک کرتے ہوئے شہر میں داخل ہوگئے، جن کی جانب سے شہر کے مختلف حصوں میں [illegible] جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

سابق انٹرنیشنل فٹبالر محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج ہیں

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹبالر محمد عیسیٰ کا سرکاری خرچ پر علاج شروع

حکومت بلوچستان سابق کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود اور علاج کیلئے اقدامات کر رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹبالر محمد عیسیٰ کا علاج سرکاری اخراجات پر شروع کر دیا گیا ہے۔ معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ سابق

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر

جناح پیپلز ٹرین سے شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئیگی، ربابہ بلیدی

سینئر شہریوں اور افراد باہمی معذوری کیلئے مفت سفری سہولت خوش آئند اقدام ہے، مشیر ویمن ڈویلپمنٹ

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس خواتین کیلئے محفوظ اور باوقار سفری سہولت کی جانب اہم پیش رفت ہے، بیان

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کو شہریوں بالخصوص خواتین کے لیے جدید، محفوظ اور باوقار سفری سہولت کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ اور باوقار پبلک ٹرانسپورٹ کی دستیابی ان کی تعلیم، روزگار،

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کواری روڈ کوئٹہ میں سائنس و آرٹس نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں

کوئٹہ سے شائع ہونے والا آزاد صحافت کا علمبردار
Email: dailymeherdarqt@gmail.com
ABC CERTIFIED
DAILY MEHERDAR QUETTA
روزنامہ مہردار کوئٹہ
ایڈیٹر: سید ہاشم آغا
Ph:081 2868355
جلد 13 | بدھ 30 ستمبر 2026، 17 ربیع الثانی 1447ھ | شمارہ 138

تمام صوبوں کو ریلوے وسائل تک مساوی رسائی اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر ریلوے

جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے، محمد حنیف عباسی

پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کا وژن ہے کہ مین لائن ون (ایم ایل ون) منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جائے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پی این ایم) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے یا علاقے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کے عوام کا ادارہ ہے، تمام صوبوں کو ریلوے کی سہولیات تک مساوی رسائی فراہم کی جائے گی۔ جناح پیپلز ٹرین سروس کا آغاز بلوچستان اور وفاق کے درمیان بہتر سفری رابطے کی جانب اہم قدم ہے، اس منصوبے کی تکمیل کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ان کی کابینہ کو جاتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے پر نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی و پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری جمال شاہ کاکڑ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، صوبائی وزیر تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ، صوبائی وزیر منصوبہ بندی میر ظہور بلیدی، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، ارکان اسمبلی ڈاکٹر مالک بلوچ، حاجی ... بازئی، سید ظفر علی آغا، میر عبید گورگیج، صوبائی مشیر نوابزادہ [illegible]

بقیہ نمبر 1 اندرونی صفحہ پر

شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، جعفر مندوخیل

بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل کے حل کے لیے وہ ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے

بزنس کمیونٹی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ بزنس کمیونٹی نے ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور روزگار کی فراہمی میں جو کردار ادا کیا ہے اس کی مثال نہیں ملتی، شاہراہوں کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جہاں سیاسی مذاکرات کی ضرورت ہوگی وہاں مذاکرات کیے جائیں گے جبکہ جہاں فورسز کی ذمہ داری ہوگی وہاں وہ اپنا کردار ادا کریں گی۔ شاہراہوں کے تحفظ کے معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، وہ بلوچستان کی بزنس کمیونٹی کے مسائل

بقیہ نمبر 2 اندرونی صفحہ پر

PEOPLE'S TRAIN
وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ کے عوام کو بہتر سفری سہولت کی فراہمی، جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح

کوئٹہ سے سریاب تا کچلاک چلنے والی ٹرین میں 250 مسافروں کی گنجائش ہے، سروس کو مستونگ اور بوستان تک پھیلانے کا منصوبہ ہے

جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا، وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وفاقی وزیر ریلوے نے جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا

کوئٹہ (یو این اے) جناح پیپلز ٹرین کی افتتاحی تقریب کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر منعقد ہوئی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے جناح پیپلز ٹرین کا افتتاح کیا۔ دو بوگیوں پر مشتمل ٹرین میں بیک وقت 250 سے زائد مسافر سفر کر سکیں گے اور ٹرین سریاب سے کچلاک تک چلائی جائے گی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان روایتوں کی امین سرزمین ہے اور ہمیشہ پاکستان کے دل کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان سے ٹرین ہائی جیک کرنے کی کوشش کی گئی، تاہم حکومت نے ٹرین سروس کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے منصوبے پر پارلیمانی سیکرٹری ریلوے میر لیاقت لہڑی اور پوری ٹیم نے دن رات محنت کی۔ چین سے ٹرین منگوانا مہنگا اور طویل عرصے میں مکمل ہونے والا منصوبہ تھا، اس لیے دستیاب وسائل میں عوام کو سفری سہولت فراہم کرنے کے لیے یہ اقدام کیا گیا ہے۔ جناح پیپلز ٹرین سے کوئٹہ کے عام شہریوں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آئندہ سال تک جناح پیپلز ٹرین کی

بقیہ نمبر 3 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کا جناح پیپلز ٹرین میں سفر

جناح پیپلز ٹرین سے بلوچستان کے عوام کو سفری سہولیات میں بہتری آئے گی، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے عوام کو مستقبل میں ریلوے کی بہتر سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے دیگر حکام کے ہمراہ کوئٹہ ریلوے اسٹیشن سے جناح پیپلز ٹرین میں سفر کیا۔ اس موقع پر ڈی ایس ریلوے بلوچستان جہانزیب

بقیہ نمبر 4 اندرونی صفحہ پر

صدر زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی اہم ملاقات، ملکی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

کراچی (آئی این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہم ملاقات کی ہے۔ ذرائع کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی کی

بقیہ نمبر 5 اندرونی صفحہ پر

تاجر و صنعتکار ملکی معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، گورنر بلوچستان

ہر ذمہ دار فورم پر بلوچستان کے تاجروں اور صنعتکاروں کی مؤثر نمائندگی کی ہے

قانونی و ٹیکس شدہ تجارتی مال کی نقل و حمل میں غیر ضروری رکاوٹیں ختم کی جائیں، تاجروں کا مطالبہ

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں تاجروں اور کاروباری حضرات کا کلیدی کردار ہے۔ تاجروں اور صنعتکاروں کی معاشی و تجارتی سرگرمیوں سے نہ صرف کاروباری

بقیہ نمبر 6 اندرونی صفحہ پر

آج کی تقریب پاکستان کی تقریب ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ضعیف العمر افراد اور خصوصی افراد کیلئے جناح پیپلز ٹرین میں سفر بالکل مفت ہوگا جبکہ منصوبے کو آئندہ مزید وسعت دی جائے گی

وفاقی وزیر ریلوے سچے سیاسی کارکن ہیں جنہوں نے اپوزیشن اور حکومت دونوں میں رہ کر عوام کی خدمت کی، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (پی این ایم) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو بہتر اور جدید سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہی ہے، نئی جناح پیپلز ٹرین سروس اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ ضعیف العمر افراد اور خصوصی افراد کیلئے اس ٹرین میں سفر بالکل مفت ہوگا جبکہ منصوبے کو آئندہ مزید وسعت دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر 32 کلومیٹر فاصلے تک نئی جناح پیپلز ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب

بقیہ نمبر 11 اندرونی صفحہ پر

احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے، بیرسٹر گوہر

میرے علم میں نہیں کوئی بیک چینل کام کر رہا ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارے پاس احتجاج کے علاوہ کوئی اور راستہ نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی پرامن جماعت ہے، آئینی اور قانونی حق استعمال کر

بقیہ نمبر 7 اندرونی صفحہ پر

احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے، اعظم نذیر تارڑ

پی ٹی آئی کو مذاکرات کے کئی مواقع دیئے لیکن مناسب جواب نہیں ملا

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ احتجاج سے مقاصد حاصل نہیں ہو سکتے، مذاکرات کیلئے پی ٹی آئی کو متعدد بار مواقع فراہم کیے گئے، لیکن اس کی طرف سے کوئی مناسب جواب نہیں ملا، بانی پی ٹی آئی

بقیہ نمبر 8 اندرونی صفحہ پر

ترقیاتی منصوبوں کی رفتار میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہ کی جائے، کمشنر کوئٹہ

محکمے باہمی رابطے کے ذریعے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے اقدامات کریں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج (QDP) کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی

بقیہ نمبر 9 اندرونی صفحہ پر

Annual General Meeting
گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سالانہ جنرل اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کارروائیاں، 7 دہشتگرد ہلاک

چاغی کے علاقے نوکچہ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 2 دہشتگرد مارے گئے، بھاری اسلحہ و گولہ بارود برآمد

خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں فتنہ الخوارج کے 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ

کوئٹہ / خیبر پختونخوا / راولپنڈی (آئی این پی) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، کئی ٹھکانے تباہ اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کے علاقے باڑہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس کے نتیجے میں [illegible]

بقیہ نمبر 10 اندرونی صفحہ پر

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کا جواب دیا جائے گا، عطا اللہ تارڑ

افغانستان کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغانستان کے قابل قبول اور دوستانہ حل کیلئے مذاکرات کے حامی ہیں، افغانستان میں امن سے خطے میں استحکام اور ترقی کے امکانات بڑھ سکتے ہیں

بقیہ نمبر 12 اندرونی صفحہ پر

مستونگ، تحصیل کھڈ کوچہ میں بم دھماکہ، ہوٹل اور ملحقہ دکان تباہ، سولر پلیٹس کو بھی نقصان

ریکی بوز کے علاقے میں ہونے والے دھماکے سے قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے

مستونگ (یو این اے) تحصیل کھڈ کوچہ کے علاقے ریکی بوز میں گزشتہ شام نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ بم دھماکے کے ذریعے مدینہ ہوٹل کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں ہوٹل کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی۔ مقامی ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 13 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی سول سنڈیمن اسپتال آمد، میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منگل کو سول سنڈیمن پروانشل اسپتال کے شعبہ امراض قلب کا دورہ کیا اور زیر علاج رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے میر رحمت

بقیہ نمبر 14 اندرونی صفحہ پر

چمن، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح

چمن (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے قاضی عبدالسلام لائبریری فیز ٹو کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی،

بقیہ نمبر 15 اندرونی صفحہ پر

وزیر خزانہ اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزے پر ورچوئل مذاکرات

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اقتصادی جائزے کے حوالے سے مذاکرات کا آغاز ہوگیا، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے آئی ایم ایف

بقیہ نمبر 16 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے افتتاح کے موقع پر پہلا آزمائشی سفر کر رہے ہیں

خضدار، اے ایس آئی پولیس امان اللہ گزگی اندھی گولی لگنے سے جاں بحق ہوگئے

نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے کا واقعہ، علاقے میں افسوس کی لہر دوڑ گئی

خضدار (یو این اے) خضدار میں پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) امان اللہ گزگی نامعلوم سمت سے فائر ہونے والی ایک

بقیہ نمبر 18 اندرونی صفحہ پر

ضلع زیارت میں صنوبر کے جنگلات میں تین روز سے لگی آگ نہ بجھ سکی، فوج سے مدد طلب

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع زیارت میں دنیا کے دوسرے بڑے صنوبر (جونیپر) کے جنگل میں تین روز سے آگ لگی ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق 70 ایکڑ سے زائد رقبہ متاثر ہو چکا ہے۔ علاقے میں مسلح شدت پسندوں اور سیکیورٹی

بقیہ نمبر 17 اندرونی صفحہ پر

تربت، جوسک کے رہائشی نوجوان نے سر میں گولی مار کر خودکشی کر لی

پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ علاقے میں پیش آیا، لاش کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

تربت (یو این اے) تربت کے علاقے جوسک کے رہائشی نوجوان عقیل ولد غفور نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا

بقیہ نمبر 19 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی جناح پیپلز میٹرو ٹرین کی افتتاحی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

وندر، قومی شاہراہ پر مسافر کوچ کی رکشہ کو ٹکر، ایک شخص جاں بحق اور دوسرا شدید زخمی

ریسکیو 1122 کی ٹیم نے لاش اور زخمی کو اسپتال منتقل کر دیا، شدید زخمی بہتر علاج کے لیے کراچی ریفر

وندر (یو این اے) وندر کے قریب مسافر کوچ کی رکشہ کو زوردار ٹکر، 1 شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی

بقیہ نمبر 23 اندرونی صفحہ پر

صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی صحبت پور کے صدر اور دیگر رہنماؤں کی ملاقات

پارٹی امور، تنظیمی سرگرمیوں اور کارکنوں کو درپیش مسائل کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال

چھتر (یو این اے) صوبائی وزیر برائے آبپاشی بلوچستان و پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن میر محمد صادق عمرانی سے

بقیہ نمبر 24 اندرونی صفحہ پر

صحبت پور، پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے اہلکار زخمی، اسپتال منتقل

آر ڈی 38 تنگیہ خان اسلم تندرانی کے مقام پر حادثہ، ابتدائی طبی امداد کے بعد اہلکار کو فارغ کر دیا گیا

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں شہید شیر حسن پولیس تھانے کی حدود میں آر ڈی 38 تنگیہ خان اسلم تندرانی کے مقام پر قائم پولیس چیک پوسٹ کی چھت کا پلستر گرنے سے ایک پولیس اہلکار شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے

بقیہ نمبر 25 اندرونی صفحہ پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی چمن کے عیدگاہ گراؤنڈ میں جاری ترقیاتی کام کا افتتاح کر رہے ہیں

سبی، مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک میں تصادم، ڈرائیور سمیت 7 مسافر زخمی

سبی (یو این اے) مٹھڑی کے قریب ویگن اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ویگن ڈرائیور سمیت سات مسافر زخمی ہوگئے۔ حادثے

بقیہ نمبر 29 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر داس خان کاسی کے گھر آمد، تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممتاز قبائلی شخصیت ملک میر داس خان کاسی کے انتقال پر ان کے گھر گئے اور لواحقین سے تعزیت

بقیہ نمبر 30 اندرونی صفحہ پر

14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی، حالات کے مطابق فیصلہ کر سکتے ہیں، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ 14 اکتوبر کا لانگ مارچ حتمی ہے لیکن حالات کے مطابق

بقیہ نمبر 31 اندرونی صفحہ پر

گورنر راج لگانے کیلئے جتنے عناصر درکار ہوتے ہیں کے پی حکومت مہیا کر چکی، اختیار ولی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت گورنر راج

بقیہ نمبر 32 اندرونی صفحہ پر

پٹرولیم لیوی 35 سے 40 روپے کم کرنے کا مطالبہ نہیں کیا، لیاقت بلوچ

لاہور (آئی این پی) نائب امیر جماعت اسلامی

بقیہ نمبر 33 اندرونی صفحہ پر

سہیل آفریدی کا مزید وزیر اعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام میں اتفاق

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام میں اتفاق ہوا ہے کہ سہیل آفریدی کا مزید وزیر اعلیٰ رہنا صوبے کیلئے نقصان دہ ہے۔ ذرائع کے مطابق گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی اور وفاقی وزیر امیر مقام کی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ملاقات میں صوبے میں امن و امان کی

بقیہ نمبر 26 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی کا بلوچستان کے صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی کے ہمراہ گروپ فوٹو

نوشکی، مسلح افراد کی فائرنگ سے سکیورٹی کیمرا ناکارہ

اہلکاروں سے اسلحہ چھینے جانے کی اطلاعات، شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا

نوشکی (یو این اے) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر سوار ہو کر دندناتے ہوئے شہر میں داخل ہوگئے، جن کی جانب سے شہر کے مختلف حصوں میں ہلچل مچائے جانے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ ذرائع

بقیہ نمبر 27 اندرونی صفحہ پر

سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کراچی کے ضیاء الدین اسپتال میں زیر علاج ہیں

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کا سرکاری خرچ پر علاج شروع

حکومت بلوچستان سابق کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود اور علاج کیلئے اقدامات کر رہی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر سابق انٹرنیشنل فٹ بالر محمد عیسیٰ کا علاج سرکاری اخراجات پر شروع کر دیا گیا ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے بتایا کہ سابق

بقیہ نمبر 28 اندرونی صفحہ پر

جناح پیپلز ٹرین ترقی و خوشحالی کی جانب اہم قدم ہے، بخت کاکڑ

جناح پیپلز ٹرین کا آغاز صوبے کے عوام کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم قدم ہے

جناح پیپلز ٹرین سے عوام کو محفوظ، آرام دہ اور نسبتاً سستی سفری سہولت میسر آئے گی، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے جناح پیپلز ٹرین کے آغاز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت آنے کے بعد بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے، جناح پیپلز ٹرین کا آغاز صوبے کے عوام کے لیے سفری سہولیات میں بہتری کی جانب اہم قدم ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ جناح پیپلز ٹرین کے چلنے سے

بقیہ نمبر 20 اندرونی صفحہ پر

وفاقی وزیر ریلویز نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی

میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

حنیف عباسی کا بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز پر مسرت کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وفاقی وزیر ریلویز حنیف عباسی نے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں پہلی میٹرو ٹرین سروس کے آغاز سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ

بقیہ نمبر 21 اندرونی صفحہ پر

چمن، اسپیکر بلوچستان اسمبلی کا عیدگاہ و جنازگاہ کی بحالی اور تزئین و آرائش کے منصوبے کا افتتاح

چمن (یو این اے) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے عیدگاہ و جنازگاہ چمن کی بحالی اور تزئین و آرائش کے ترقیاتی منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ منصوبہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت 180 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے مکمل کیا جائے گا۔ افتتاحی

بقیہ نمبر 22 اندرونی صفحہ پر

کوئٹہ نیو لیبر کالونی میں غیر مجاز قبضوں کے خلاف آپریشن، 84 میں سے 70 سرکاری فلیٹس واگزار

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ محنت و افرادی قوت بلوچستان نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور سیکریٹری محنت و افرادی قوت صالح محمد ناصر کی ہدایات کی روشنی میں نیو لیبر کالونی عبدالخالق روڈ

بقیہ نمبر 34 اندرونی صفحہ پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کی عیادت کر رہے ہیں

جناح پیپلز ٹرین سے شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئیگی، ربابہ بلیدی

سینئر شہریوں اور افراد باہمی معذوری کیلئے مفت سفری سہولت خوش آئند اقدام ہے، مشیر ویمن ڈویلپمنٹ

جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس خواتین کیلئے محفوظ اور باوقار سفری سہولت کی جانب اہم پیش رفت ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے جناح پیپلز میٹرو ٹرین سروس کے آغاز کو شہریوں، خصوصاً خواتین کے لیے جدید، محفوظ اور باوقار سفری سہولت کی فراہمی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کے لیے محفوظ اور باوقار پبلک ٹرانسپورٹ کی دستیابی ان کی تعلیم، روزگار،

بقیہ نمبر 35 اندرونی صفحہ پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کواری روڈ کوئٹہ میں سائنس و آرٹس نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں